اسکول میں رانی کا پہلا دن

Author: Cheryl Rao
Illustrator: Mayur Mistry
Translator: Shahid Anwar

پڑھنے کا معیار ۱

آج اسکول میں میرا پہلا دن ہے۔

امّی میرے ساتھ چل رہی ہیں میرا ہاتھ تھامے۔

"میں اب بڑی ہوگئی ہوں امّی۔" میں نے کہا۔ "مجھے جانے دو، خود جانے دو۔"

امّی نے میرا ہاتھ اور زور سے پکڑ لیا۔

اسکول کے پاس بہت سارے بچّے جمع ہیں۔

وہ بس سے آتے ہیں۔ وہ موٹر کار سے آتے ہیں۔

وہ رکشا سے آتے ہیں۔ وہ سائیکل سے آتے ہیں۔

وہ پیدل آتے ہیں، میری طرح۔

ہم اسکول کے گیٹ پر پہنچ گئے۔ امّی نے میرا ہاتھ چھوڑ دیا۔

وہ گیٹ پر کھڑی رہی۔ مجھے اسکول کے اندر اکیلے ہی جانا ہوگا۔

میرے پاس کئی اجنبی چہرے ہیں۔

میں پہلا قدم اٹھاتی ہوں۔ پھر دوسرا قدم بڑھاتی ہوں۔ پیچھے پلٹ کر دیکھتی ہوں۔ میں جیسے جیسے آگے بڑھتی ہوں امی چھوٹی ہوتی جاتی ہیں۔ کیا وہ بالکل غائب ہوجائیں گی؟

میں دوڑ کر ان کے پاس آجاتی ہوں۔ میں اتنی بڑی بھی نہیں ہوئی ہوں ابھی۔ میں امّی کا ہاتھ پکڑ لیتی ہوں۔

"مجھے چھوڑ کر مت جاؤ،" میں ان سے کہتی ہوں۔

سبھی بچّے اندر جا چکے۔ صرف میں ہی باہر ہوں۔ استانی جی میری طرف آنے لگیں۔ وہ مجھے دیکھ کر مسکراتی ہیں۔ میں بھی مسکرائی۔

امّی نے کہا، "رانی جب تم واپس آؤ گی، میں تمہیں یہیں ملوں گی۔"

میں نے ان کا ہاتھ چھوڑ دیا۔ وہ میری طرف دیکھ کر ہاتھ ہلاتی رہیں۔

میں نے اندر جانے کے لیے دوڑ لگائی۔ اسکول میں چھٹّی ہونے پر امّی تو وہیں مل جائیں گی!

Story Attribution:

This story: اسکول میں رانی کا پہلا دن is translated by Shahid Anwar . The © for this translation lies with Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Rani's First Day at School', by Cheryl Rao . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'School Mein Rani Ka Pehla Din' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Girl going to school, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Girl holding mother's hand at school, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Children and vehicles outside building, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Girl looking scared, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Girl hugging mother, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Girl and two women, by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Happy girl going to school , by Mayur Mistry © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

اسکول میں رانی کا پہلا دن

(Urdu)

پہلے دن رانی نے اسکول میں کیا کیا دیکھا؟ اسے کیسا محسوس ہوا پہلے دن؟

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.